ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے علاقائی معززین اور افسران سے متوقع بارشوں کے پیشِ نظر ایمرجنسی
طور پر انتظامات کے حوالے سے ھدایات جاری کرتے ہوئے۔

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے　　　　اسکو ہمیشہ سر بلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ

(ہم نے پہلے ہی سے متوقع بارشوں کے پیشِ نظر ایمرجنسی طور پر انتظامات کیے ہیں، چیئرمین طارق عزیز بلوچ)

(رین ایمرجنسی ڈیوٹی کے دوران کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، چیئرمین طارق عزیز بلوچ)

(متعلقہ عملے کو سختی سے ھدایت جاری کردی گئی ہے عملہ پابندی سے اپنی ڈیوٹی انجام دے، تمام ملازمین فیلڈ میں موجود رہیں)

(گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو صفائی ستھرا ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے)

تاریخ 28/07/2024　　　　**حوالہ نمبر TMC/G/INF/062/24**

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے علاقائی معززین اور افسران سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے پہلے ہی سے متوقع بارشوں کے پیشِ نظر ایمرجنسی طور پر انتظامات کیے ہیں تاکہ بارشوں میں گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو کسی بھی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے ڈائریکٹر سینیٹیشن اشرف بلوچ اور ڈپٹی ڈائریکٹر سینیٹیشن افضل لغاری اور سپرنٹنڈنٹ انجینئر (ایم اینڈ ای) کو ھدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ رین ایمرجنسی ڈیوٹی کے دوران کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، چیئرمین گڈاپ کی ھدایت کے ساتھ ہی گڈاپ ٹاؤن کی مختلف یوسیز میں صفائی ستھرائی، مین ہائی وے روڈ، سیوریج لائین اور مین ہولز کی صفائی کا کام شروع کردیا گیا، ڈائریکٹر سینیٹیشن نے کہا کہ ہمارا ڈیپارٹمنٹ اپنے کاموں میں مصروفِ عمل ہے متعلقہ عملے کو سختی سے ھدایت جاری کردی گئی ہے عملہ پابندی سے اپنی ڈیوٹی انجام دے، تمام ملازمین فیلڈ میں موجود رہیں، سپرنٹنڈنٹ انجینئر (ایم اینڈ ای) نور علی جمالی نے بتایا کہ گڈاپ ٹاؤن کی تمام گاڑیاں اور مشنری عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں، وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو نے اپنے پیغام میں کہا کہ محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق متوقع بارشوں کے موقع پر گڈاپ ٹاؤن کے تمام اراکین کونسل اپنے حلقے میں موجود رہیں، موسمیاتی تبدیلی کے سبب بہت سے امراض جنم لیتے ہیں جن پر قابو پانا ضروری ہے بارشوں کے باعث جراثیم کش ادویات کا اسپرے بھی کیا جائے گا، گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو صفائی ستھرا ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس موقع پر میونسپل کمشنر احمد یار، افسر مالیات افتخار احمد وایو، ڈائریکٹر (ایچ آر ایم) حاجی شریف شیخ، انچارج اینٹی انکروچمنٹ سیل سہیل یار خان، ڈائریکٹر انفارمیشن رضوان صابر، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن محمد شرجیل خان، انچارج سینیٹیشن علی پلیجو اور علاقائی معززین ارشید لاشاری، استین بلوچ بھی موجود تھے۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ